1989ء سے مسلسل اشاعت | 25 نومبر تا یکم دسمبر 2022 | شمارہ نمبر 48 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




VERITAC

SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus · eXp srw



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# 17th Karachi International Book Fair (KIBF)




## 08 - 12 December 2022

## Karachi Expo Centre

## Halls 1, 2 & 3 Timings: 10 am - 9 pm

**Organised by:**
THE PAKISTAN PUBLISHER & BOOKSELLERS ASSOCIATION
www.kibf.pk

**In Association with:**
NATIONAL BOOK FOUNDATION
GOVERNMENT OF PAKISTAN

**Event Manager:**
EVENT AND CONFERENCE INTERNATIONAL (PVT.) LTD.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 27 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# کسٹم سے ریفنڈ نکلوانا محمد سلیم بیکیا جیسے نڈر اور بیباک شخص کا ہی کام ہے، عبدالمجید میمن

## 2003 میں محمد سلیم بیکیا، جہانگیر شہزادہ اور محمد اکرام کی گرفتاری سے خوف وہراس پیدا کر کے کسٹم نے امپورٹرز سے جبراً رقوم وصول کی تھیں

### ریفنڈ کی ادائیگی شروع ہونے پر آئی بی ایم کی ٹیم اور محمد سلیم بیکیا کو خراج تحسین



کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس، سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تاحیات چیئرمین اسمال ٹریڈرز سب کمیٹی کراچی چیمبر عبدالمجید میمن نے 2003 میں کسٹم کی جانب سے پیپر و پیپر بورڈ کے امپورٹرز کو خوف زدہ کر کے جبراً وصول کی گئی رقوم کی 20 سال بعد واپسی پر انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا اور ان کی پوری ٹیم کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ کسٹم سے ریفنڈ نکلوانا کسی معمولی آدمی کا کام نہیں ہے، یہ محمد سلیم بیکیا جیسے نڈر، بیباک اور دھن کے پکّے اور اپنے وعدے پر عملدرآمد کے لئے تن من دھن قربان کرنے والی شخصیت ہی کا کام ہے۔ گذشتہ ہفتے جب انہیں اپنی ایک فرم شعیب انٹرنیشنل کا ریفنڈ کا چیک موصول ہوا تو انہوں نے دل کی گہرائیوں سے محمد سلیم بیکیا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنا ایک آڈیو بیان جاری کیا جس میں کہا ہے کہ جب میرے ہاتھ میں شعیب انٹرنیشنل کا ریفنڈ کا چیک آیا، تو مجھے وہ دن یاد آگئے جب 2003 میں ہم پر بڑے خوفناک دن تھے، ہمارے تمام ساتھیوں کو یاد ہوگا کہ ہم دکان پر نہیں بیٹھ پا رہے تھے، گھروں پر بھی اطمینان نہیں تھا، گھروں کے باہر اگر گاڑی کھڑی ہوتی تھی تو ہم خوفزدہ ہوجاتے تھے۔ کسٹم والوں نے اتنا ہمیں خوفزدہ اور پریشرائز کیا اور اس کے علاوہ بھی بہت سے لوگ تھے جو کسٹم کے ساتھ ملے ہوئے تھے اور ہمیں بڑا خوفزدہ کر رہے تھے۔ ہم سب (اس میں ہمارے کچھ ساتھی اللہ کو پیارے ہوچکے ہیں، اللہ ان سب کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے)۔ ہم نے دو تین اجلاس منعقد کئے جب بھی اجلاس منعقد ہوتے تو ایسوسی ایشن کے دفتر میں، کسی نہ کسی کا فون آجاتا کہ یہاں گاڑی کھڑی ہے وہاں گاڑی کھڑی ہے، یعنی لوگوں نے ہمارے ساتھ مذاق کرنا شروع کردیا تھا اور ہمیں دوڑانا شروع کردیا تھا۔ ایسا ماحول پیدا کیا کہ ہمسب پریشان ہوگئے۔ سب ساتھیوں نے کہا کہ ہم کاروبار بھی نہیں کر پا رہے اور نہ ہی ہم گھر میں بیٹھ پا رہے ہیں اور رات دن ہم خوفزدہ ہو رہے ہیں تو اس سے بہتر ہے کہ ہم کسٹم کے مطالبے پر ادائیگی کردیں۔ تو سارے پاکستان سے ہم نے لوگوں کو بلایا اور عابد نثار صاحب کے گھر میں میٹنگ کی جس میں اس وقت کے کراچی چیمبر کے صدر ناصر حیات مگوں اور دیگر بھی شریک تھے اور سب نے اس پر اتفاق کیا کہ ہم 10 فیصد کی ادائیگی کر دیتے ہیں۔ اس وقت محمد سلیم بیکیا فیلڈ میں نہیں تھے ان کو کسٹم نے بے گناہ جیل میں ڈال رکھا تھا، ہمیں کیس کی صحیح صورتحال پتہ نہیں تھی کیونکہ محمد سلیم بیکیا سے رابطہ نہیں تھا، اس کے ساتھ ہی کلکٹر آف کسٹم وحید خان نے ہمیں پریشرائز کرنے کے لئے مزید دو آدمیوں کو گرفتار بھی کرلیا۔ ایک لاہور سے محمد اکرام کو اور ایک کراچی سے جہانگیر شہزادہ کو۔ اس سے ہم بڑے خوفزدہ ہوگئے، انہوں نے کسٹم ہاؤس کی ساتویں منزل پر جہانگیر کو اور اکرام کو رکھا ہوا تھا۔ ہمیں پریشرائز اور خوفزدہ کرنے کے لئے انہوں نے گرفتاریاں کی۔ تو ہم سب بھی خوفزدہ ہوگئے کہ ہم بھی گرفتار ہوجائیں گے اور ہم کو کلکٹر آف کسٹم وحید خان نے وارننگ بھی دی کہ جو رقم کی ادائیگی نہیں کرے گا اس کو گرفتار کرلیا جائے گا تو یہ بھی ایک وجہ تھی ادائیگی کی۔ اور ہمیں صورتحال کا پس منظر بھی نہیں پتہ تھا۔ مگر جس طرح ہمیں ہراسمنٹ کیا گیا دوڑا دوڑا کے، اس میں ہمارے کچھ ساتھی بھی تھے مارکیٹ کے اور کچھ کسٹم ہاؤس کے بھی تھے۔ تو ہم مجبور ہوگئے اور لاہور اور پنڈی سے بھی ہمارے دوست اور ساتھی آئے اور ہم نے یہ طے کیا کہ بہتر یہی ہے کہ ہم کسٹم کو 10 فیصد ادائیگی کردیں۔ وحید خان اس وقت کلکٹر آف کسٹم اور ان کے ساتھ محمد عامر کسٹم آفیسر تھے انہوں نے ہمیں بڑا خوفزدہ کیا۔ مرحوم محمد یوسف سرمہ والا اور ایک اور ساتھی تھے جو ان سے مذاکرات کرنے جاتے تھے، انھی کی معرفت ہمیں پیغام بھیجا کہ تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ تم لوگ ادائیگی کردو۔ پھر ہم سب نے عابد نثار کے گھر پر

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ کیجئے)



### شبیر حسین کی سلیم بیکیا کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) شبیر حسین سابق خازن نائب صدر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے کسٹم کی جانب سے 2003 میں جبراً وصول کی گئی رقوم کو ریفنڈ کرانے پر محمد سلیم بیکیا اور انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کی ٹیم کو دلی مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ محمد سلیم بیکیا پیپر مارکیٹ کے لیے باعث فخر ہیں، جنہوں نے مرد آہن کا کردار ادا کرتے ہوئے ڈوبی ہوئی رقوم واپس دلائیں اور وہ پوری پیپر مارکیٹ کی جانب سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111



ہم

انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ IBM کے

# جناب محمد سلیم بیکیا اوران کی پوری ٹیم کو

# دلی مبارکباد دیتے ہیں

جس نے 20 سال کی طویل قانونی جدوجہد کی کامیابی کے نتیجے میں

پیپر اینڈ پیپر بورڈ کے امپورٹرز کو

کسٹم کی جانب سے جبراً وصول کی گئی رقوم کو ریفنڈ کرایا۔

ہم ان کی اس مستقل مزاجی اور ہمّت کی داد دیتے ہیں۔

منجانب: **شعیب انٹرنیشنل**

2, Saify Mehal, Tayyabji Road, Karachi.

Tel: 021-32628987 / 32628991



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725



لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی پیپر بورڈ اور اپیما امور کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا پہلا اجلاس کنوینز خامس سعید بٹ کی صدارت میں 22 نومبر 2022 کو لاہور چیمبر میں منعقد ہوا اجلاس میں ظفر چوہدری سینئر نائب صدر، عدنان خالد بٹ نائب صدر نے خصوصی طور پر شرکت کی، خامس سعید نے اپیما کی سفارشات پر مبنی ایک خط کاشف انور صدر لاہور چیمبر کو پہنچایا۔ بعدازاں اجلاس میں مقامی مینوفیکچررز کی بے ضابطگیوں، بداعمالیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ایل سی سی آئی کے نائب صدور نے اپنے تعاون کی مکمل یقین دہانی کرائی اور اعلیٰ سطح سے ملاقاتوں کا اہتمام کرانے کا وعدہ کیا۔ اجلاس میں چیئرمین اپیما احد امین ملک، سابق چیئرمین حضرات سمیع اللہ بٹ، ملک محمد امین، سابق سینئر وائس چیئرمین باؤ محمد بشیر سمیت متعدد اراکین نے شرکت کی۔

## لاہور میں ٹیوٹا اور پاپگائی کے مابین معاہدہ طے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ٹیوٹا اور پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) لاہور، کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔ چیئرپرسن ٹیوٹا مامون جعفر تارڑ نے کہا کہ ملک میں بہترین ورک فورس کیلئے ڈیمانڈ ڈریون کورسز کا اجرا کیا جارہا ہے جس سے ہر انڈسٹری کیلئے نوجوانوں کی ٹریننگ کی جائے گی۔ وہ پرنٹنگ، گرافک اور آرٹس انڈسٹری کی تجارتی تنظیم پاپگائی کے ساتھ معاہدے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انکا کہنا تھا معاہدے کے تحت ٹیوٹا پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹ میں ڈیمانڈ ڈریون کورس کروائے گا۔ معاہدے کے تحت ٹیوٹا کورسز کیلئے جگہ، اساتذہ اور دیگر سہولیات فراہم کرے گا جبکہ پاپگائی تنظیم ٹرینیز کو ماہانہ 10 ہزار وظیفہ ادا کرے گی۔ مامون جعفر تارڑ نے کہا کہ شروع میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر ٹیوٹا کے کالجز میں 6 ماہ کا کورس کروایا جائے گا۔ ایک اور معاہدے میں ٹیوٹا سول سوسائٹی ہیومن ڈویلپمنٹ پروگرام کے ساتھ ملکر اسپیشل نوجوانوں کے لیے ٹریننگ کورسز شروع کرائے گا۔ اس معاہدے کے تحت ٹیوٹا کورسز کے لیے جگہ جبکہ سول سوسائٹی پروگرام 5 سے 10 کلومیٹر میں اسپیشل نوجوانوں کو ڈھونڈ کر ٹیوٹا کے سنٹرز تک لائے۔

## خواجہ محمد الیاس کی دورہ یورپ و امریکہ سے واپسی

لاہور (نمائندہ خصوصی) سابق صدر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون خواجہ محمد الیاس گزشتہ ہفتے اپنے کامیاب دورہ یورپ و امریکہ کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ اپنے دورہ یورپ میں انہوں نے جرمنی میں فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کی۔ ان کے دورے کی رنگین تصاویر صفحہ 8 پر ملاحظہ فرمائیں۔

# ادائیگی پر دستیاب گوگل ایپس بند ہونے کا خدشہ

## سیلولر آپریٹرز سے ڈائریکٹ ڈالر میں ادائیگی کا اختیار واپس

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک کو درپیش ڈالر کی طویل لیکویڈیٹی بحران کے تناظر میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم اوز) کے لیے بیرون ملک وینڈرز اور مختلف ایپس سروس فراہم کرنے والوں کے لیے ڈالر میں ادائیگی کے لیے ڈائریکٹ کیریئر بلنگ (ڈی سی بی) کا اختیار واپس لے لیا ہے۔ ایک ٹیلی کام ماہر نے مثال دیتے ہوئے دی نیوز کو بتایا کہ اگر یہ بحران طول پکڑتا ہے تو گوگل اور دیگر سروس فراہم کرنے والے اپنی پیڈ ایپس سروسز کو بلاک کر سکتے ہیں جو پاکستان سے کام کرنے والے اور اربوں ڈالرز کمانے والے ہزاروں فری لانسرز کے لیے رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صارفین نے اپنے بلنگ سسٹم سے رقم کی کٹوتی کے ذریعے پیڈ ایپس کی ادائیگی کی۔ اب سی ایم اوز کو پاکستان میں خدمات پر 20 فیصد ٹیکس ادا کرنے کے بعد بل کا 80 فیصد ڈی سی بی سسٹم کے ذریعے ادا کرنا ہوگا۔ اب اسٹیٹ بینک نے ڈی سی بی کا اختیار واپس لے لیا ہے جس سے دکانداروں اور ایپس کی جانب سے جمع کی گئی رقم کی ادائیگی میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے۔ اس سے سیلولر موبائل آپریٹرز میں خطرے کی گھنٹی بج گئی ہے جنہوں نے وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق سے مشترکہ طور پر ملاقات کی جس کا مقصد حکومت کو اس کی حساسیت بتانا تھا کہ ایس بی پی سے ڈی سی بی کا اختیار واپس لینے سے مختلف دکانداروں اور ایپس سروس فراہم کرنے والوں کو لاکھوں ڈالر کی ادائیگی رک جائے گی جس میں ملک میں سی ایم اوز کے آپریشن کو روکنے کا ممکنہ خطرہ بھی ہے۔

### (بقیہ: عبدالمجید میمن)

میٹنگ کی اور یہ طے کیا کہ ہم سارے پاکستان سے 10 فیصد کی ادائیگی کردیتے ہیں۔ جب ہم نے 10 فیصد کی ادائیگی کردی تو ہمیں اطمینان ہوا اور کلکٹر کسٹم عبدالوحید اور محمد عامر نے ہمیں کہا کہ جائیے آپ آرام سے بیٹھیں۔ یوں کسٹم نے ہمیں دوڑا دوڑا کر اور ہراسمنٹ کرکے ہم سے جبراً رقوم نکلوالیں۔ اس وقت محمد سلیم بیکیا گرفتار تھے تو ہمیں بڑی پریشانی ہوئی کہ کس سے مشورہ کریں کیا کریں۔ بحرحال تو وہ دور مجھے یاد آ گیا جو ہمیں پریشرائز کرنے اور خوفزدہ کرنے میں کچھ ہمارے ساتھی تھے جو ہمیں غلط رپورٹ دیتے تھے تو وہ ہم نے 10 فیصد کی ادائیگی کردی اور آج جب ریفنڈ کا چیک میرے ہاتھ میں آیا تو وہ زمانہ مجھے یاد آ گیا اور میں اس وقت محمد سلیم بیکیا کا بڑا مشکور ہوں اور سلیم بیکیا اور ان کی ٹیم کا ممنون ہوں کہ انہوں نے بڑی تگ و دو کرکے 19 سال محنت کی اور ہمیں ہماری رقم ریفنڈ کروائیں۔ محمد سلیم بیکیا تو ویسے بھی لیڈر ہیں اور وہ کسی بھی وقت گھبراتے نہیں ہیں چاہے کسی بھی قسم کے حالات ہوں۔ کسٹم سے رقم نکلوانا اور ان کے شکنجے سے نکلنا وہ کسی معمولی آدمی کا کام نہیں ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے نہ صرف ہمیں بے گناہ کروایا بلکہ ہماری رقم بھی واپس دلوائی۔ میں محمد سلیم بیکیا جو قائد اور لیڈر ہیں ہماری پیپر مارکیٹ کے، میں ان کا اور ان کے ساتھیوں کا مشکور و ممنون ہوں کہ انہوں نے بڑی تگ و دو کرکے ہماری رقم ہمیں واپس دلوائی۔ یہ ہماری جائز رقم تھی جو کسٹم نے ہمیں تنگ کرکے ہم سے لے لی تھی۔ مگر بحرحال جو بھی ہوا وہ بہت خراب زمانہ تھا اور اس میں ہمارے ساتھی اس چیز سے واقف ہیں۔ میں سلیم بھائی کا بڑا مشکور و ممنون ہوں کہ انہوں نے ہماری جو جائز رقم تھی وہ ہمیں دلا دی۔ ہم ان کے اس کام پر ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور میری خواہش ہے کہ سارے ساتھی بھی سلیم بھائی کے مشکور ہوں۔ بہت بہت شکریہ سلیم۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کو ایک سے زائد جائیداد رکھنے پر 31 دسمبر تک فارم جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (اُردو پوائنٹ، اخبار تازہ ترین، 22 نومبر 2022) ایک سے زائد جائیدادیں رکھنے والے لوگوں پر ایف بی آر نے نیا ٹیکس عائد کر دیا، نوٹیفکیشن جاری ۔نوٹی فکیشن میں بتایا گیا ہے کہ جو ٹیکس دہندگان پہلے سے رواں سال کیلیے ٹیکس جمع کروا چکے ہیں انہیں بھی 31 دسمبر تک یہ فارم الگ سے جمع کروانا ہوگا۔تفصیلات کے مطابق ایف بی آر نے ایک سے زائد جائیدادیں رکھنے والے امیر لوگوں کیلیے ڈیمڈ ٹیکس کو بھی لازمی قرار دے دیا۔ایف بی آر کی جانب سے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ ڈیمڈ ٹیکس کا اطلاق رواں ٹیکس ایئر 2022 سے ہی کر دیا گیا ہے جو لوگ ٹیکس ایئر 2022 کیلیے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروائیں گے ان کے ساتھ ٹیکس دہندگان کو یہ فارم بھی پر کر کے جمع کروانا ہوگا وٹی فکیشن میں بتایا گیا ہے کہ جو ٹیکس دہندگان پہلے سے رواں سال کیلیے ٹیکس جمع کروا چکے ہیں انہیں بھی 31 دسمبر تک یہ فارم الگ سے جمع کروانا ہوگا، ٹیکس دہندگان کو ڈیمڈ فارم میں اپنی زرعی، صنعتی، رہائشی و کمرشل سمیت تمام اقسام کی غیر منقولہ جائیداد کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق ٹیس دہندگان کو یہ بھی بتانا ہوگا کہ ڈیمڈ ٹیکس کے قابل اثاثوں کی مجموعی ویلیو (مالیت) کیا ہے، یہ بھی بتانا ہوگا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس کی سیکشن سات ای کے تحت ڈیمڈ ٹیکس کیلئے کتنی ڈیمڈ آمدنی حاصل ہو رہی ہے۔ ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈیمڈ آمدنی پر ٹیکس عائد کیا گیا ہے اس ٹیکس کے تعین اور وصولی کیلئے ایف بی آر نے اکتوبر میں فارم متعارف کروایا تھا اور اب اس فارم کو رواں ٹیکس ایئر 2022 سے لازمی قرار دیدیا گیا ہے۔ٹیکس دہندگان کی جانب سے فراہم کی جانیوالی تفصیلات کے تناظر میں قابل ٹیکس ڈیمڈ آمدنی پر مروجہ شرح کے مطابق ٹیکس وصول کیا جائے گا اس اقدام کا بنیادی مقصد رواں مالی سال کے دوران ٹیکس ریونیو بڑھانا اور مقرر کردہ ٹیکس وصولیوں کے اہداف کو حاصل کرنا ہے۔ایف بی آر حکام کے مطابق ابھی رواں سال کے ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی توسیع شدہ تاریخ کی معیاد باقی ہے، اس لیے نوٹیفکیشن کے ذریعے نہ ٹیکس دہندگان کو آگاہ کیا گیا ہے تاکہ وہ اپنے گوشواروں کے ساتھ یہ فارم بھی جمع کروائیں بلکہ جو لوگ پہلے سے گوشوارے جمع کروا چکے ہیں انہیں بھی کہا گیا ہے کہ وہ بھی اکتیس دسمبر تک الگ سے یہ فارم پر کر کے جمع کروائیں۔

# کے ایم سی نے دکانوں کے کرایوں میں اضافے کیلئے تجاویز طلب کر لیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایڈمنسٹریٹر کراچی، مشیر قانون اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ کے ایم سی کی مارکیٹیں اس شہر کا اثاثہ ہیں اور ہزاروں افراد کا روزگار ان سے وابستہ ہے، کراچی کے متوسط علاقوں میں واقع ہونے کے باعث ان مارکیٹوں سے شہریوں کو سہولتیں ملتی ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کے ایم سی کی مارکیٹس سے ذرائع آمدن میں اضافے کے حوالے سے محکمہ اسٹیٹ کے افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ کے ایم سی کی دکانوں کے کرایوں میں موجودہ مارکیٹ ویلیو کے حساب سے اضافے کے لئے کرایہ دار دکانداروں سے تجاویز طلب کی جائیں جن کی روشنی میں مناسب فیصلہ کیا جائے گا، ایڈمنسٹریٹر کراچی کی ہدایات کے تحت بلدیہ عظمیٰ کراچی کے محکمہ اسٹیٹ کی جانب سے کے ایم سی کی مارکیٹس اور شاپنگ سینٹرز سے ذرائع آمدن (کرایہ) میں اضافے کے حوالے سے ایک عوامی نشست بلدیہ عظمیٰ کراچی کے صدر دفتر میں منعقد ہوئی، سینئر ڈائریکٹر اسٹیٹ، ڈائریکٹر اسٹیٹ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی، انہوں نے کہا کہ 2017ء میں کے ایم سی کی دکانوں کے کرائے میں 20 فیصد اضافے کی قرارداد منظور کی تھی تاہم ہماری کوشش ہے کہ اسے مناسب سطح پر لایا جائے، کے ایم سی کی مارکیٹوں سے ہونے والی آمدنی کا 20 سے 30 فیصد تک ان مارکیٹوں کی مینٹی نینس پر خرچ کیا جائے گا۔

# کے الیکٹرک بلوں میں میونسپل ٹیکس کیخلاف حکم امتناع میں توسیع

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے بجلی کے بلوں میں میونسپل ٹیکس شامل کرنے کیخلاف حافظ نعیم الرحمان و دیگر کی درخواستوں پر حکم امتناع میں توسیع کرتے ہوئے کے ایم سی سے تفصیلات طلب کر لیں۔جسٹس ندیم اختر کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ کے روبرو عدالتی معاون خالد جاوید خان، جماعت اسلامی کے عثمان فاروق اور سیف الدین ایڈووکیٹس، ایس حسن مجتبیٰ عابدی اور عذرا مقیم ایڈووکیٹس کے ایم سی سے اور ایان مصطفیٰ میمن ایڈووکیٹ کے الیکٹرک کی جانب سے پیش ہوئے۔ عدالت نے دوران سماعت استفسار کیا کہ کہیں کوئی مثال ہے جس میں بجلی کے بلوں میں میونسپل چارجز وصول کیے جاتے ہوں؟ بیرسٹر خالد جاوید نے مؤقف دیا کہ لاہور ہائیکورٹ ایک فیصلے میں کہہ چکی ہے کہ بلز کلیکشن کو آؤٹ سورس نہیں کیا جاسکتا۔ کے ایم سی اور کے الیکٹرک کے قوانین کا جائزہ لینا ہوگا۔ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ کارروائی کا کے ایم سی کا اختیار کے الیکٹرک کو دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ جسٹس ندیم اختر نے ریمارکس دیے کہ کے الیکٹرک اور کے ایم سی الگ الگ ادارے ہیں۔ کے الیکٹرک کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ کئی ممالک میں اس طرح بلز وصول کیے جاتے ہیں۔ جماعت اسلامی کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے مؤقف دیا کہ میونسپل چارجز پہلے واٹر بورڈ کے بلز میں شامل ہیں۔ میونسپل چارجز کو بجلی یونٹس کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ بجلی کے یونٹس کے ساتھ میونسپل چارجز میں بھی اضافہ ہوگا۔ سندھ حکومت نے کے ایم سی کے موقف کی تائید کر دی۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے مؤقف دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے ایم سی کے اس اقدام کی حمایت کرتی ہے۔ جسٹس ندیم اختر نے ریمارکس دیے کہ کے ایم سی کا بل کے الیکٹرک کے ساتھ منسلک کرنے کا کیا مقصد تھا؟ عدالت نے کے الیکٹرک کے بلز میں میونسپل ٹیکس وصولی کیخلاف حکم امتناع میں توسیع کرتے ہوئے کے ایم سی کو 7 دسمبر تک تفصیلی جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔

# اب تک 25 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے جمع ہوئے ہیں‘ 30 نومبر آخری تاریخ ہے

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ اطلاعات کے مطابق ابھی تک صرف 25 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے جمع ہو سکے ہیں اس لئے حکومت کو گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 31 دسمبر تک توسیع کرنا پڑے گی، فی الحال یہ تاریخ 30 نومبر تک ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے صدر رانا منیر حسین اور جنرل سیکرٹری چودھری قمر الزمان نے ٹیکس بارز کے وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ٹیکس دہندگان کا مطالبہ ہے کہ 75 سالہ ٹیکس محصولات کا آڈٹ کرایا جائے اور انہیں بتایا جائے ان سے اکٹھے کئے گئے ٹیکسز کس مد میں خرچ کئے گئے۔ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ 7470 ارب کا ٹیکس ہدف پورا کر لیا جائے تو ان کا پیسہ کہاں کہاں خرچ ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ اطلاعات موجود ہیں کہ ابھی تک صرف 25 لاکھ انکم ٹیکس گوشوارے جمع ہو سکے ہیں، ٹیکس گوشوارے کے فارم میں ابھی بھی خامیاں ہیں جنہیں دور کرنے کی ضرورت ہے، اس لئے حکومت کو گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں 31 دسمبر تک توسیع کرنا پڑے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی دیکھی گئی اور 23 نومبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بلیچ بورڈ چائنا ننگبو گولڈ، رئیل، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی انڈونیشیا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ نووا پلس تمام سائز تمام گرام، 168 روپے سے کم ہوکر 158 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 330 روپے سے کم ہو کر 322 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس 330 روپے سے کم ہوکر 325 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 328 روپے سے کم ہوکر 315 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 325 روپے سے کم ہوکر 315 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1120 روپے سے بڑھ کر 1140 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1220 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5۔70 گرام، 1290 روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2000 روپے سے بڑھ کر 2050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1040 روپے سے بڑھ کر 1075 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 830 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3800 روپے سے بڑھ کر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## 25 کسٹم افسروں کے تقرر و تبادلے

لاہور (نیوز ڈیسک) کسٹم حکام نے 25 افسروں کے تقرر و تبادلے کے احکامات کر دیے، چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ سید محمد طارق ہدی (گریڈ 21) کو منسٹری آف میری ٹائم کا بھی اضافی چارج دے دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کلیکٹر عمیر زاہد کو امپورٹ ایگزمینشن سے این ایل سی ڈپٹی کلکٹر، مس جوریہ شاہد کو اپریزمنٹ سے پرائیویٹ بانڈ سیکشن، اسٹنٹ کلکٹر شفاعت علی کو امپورٹ سیکشن سے ڈرائی پورٹ، حمیرا جاوید کو ایکسپورٹ سیکشن سے اپریزمنٹ ڈرائی پورٹ، سمیرا اظہر کو ڈرائی پورٹ، عروا توقیر کو ڈرائی پورٹ بیگیج سیکشن، انسپکٹر امان اللہ کو ایگزامینشن ایئر پورٹ سے امپورٹ سیکشن، عمران بیگ کو کرتار پور کشم سیکشن سے امپورٹ سیکشن، عامر شفیق آئی اینڈ پی سیکشن، کلرک ذکاء اللہ کو سمبڑیال ڈرائی پورٹ بنک گرانٹی، سیکشن حوالدار محمد نعمان کو سیکورٹی گیٹ سے مین گیٹ، صابر حسین کو ایکسپورٹ سیکشن سے ایئرپورٹ، سپاہی محمد دلاور کو اینٹی سمگلنگ سے ایئر پورٹ ٹریفک، سفیان ناصر کو ایئر پورٹ ٹریفک سے اینٹی اسمگلنگ، عقیبہ شہزاد کو ہیڈ کوارٹر سے امیر پورٹ ٹریفک، مس نازش ادریس کو امیر پورٹ ٹریفک سے ہیڈ کوارٹر، ضغیم عباس کو ایئر پورٹ ٹریفک سے ہیڈ کوارٹر، عمیر منور کو اینٹی اسمگلنگ سے ایئر پورٹ ٹریفک، وسیم عباس کو امیر پورٹ ٹریفک سے ایکسپورٹ سیکشن، علی رضا اور معاذ نسیم کو ایئر پورٹ سے اینٹی اسمگلنگ، نعیم اکرم کو اینٹی اسمگلنگ سے ایئر پورٹ، عبد النجیب کو اینٹی اسمگلنگ لاہور سے اینٹی اسمگلنگ میانوالی، نصیر احمد وٹو کو ریجنل آفس سے فیصل آباد اور اسرار احمد کو رینج آفس فیصل آباد سے ریجنل آفس ملتان لگایا گیا ہے۔

## کسٹم نے ایک ہفتہ میں 45 ہزار ڈالرز برآمد کیے

خیبر (نیوز ڈیسک) کسٹم نے ایک ہفتہ میں طورخم بارڈر سے اسمگل ہونیوالے 45 ہزار ڈالرز برآمد کر لیے۔ طورخم سرحدی گزرگاہ کے ذریعے افغانستان امریکی ڈالرز اسمگلنگ کیخلاف کسٹم عملہ کا کریک ڈاؤن، ایک ہفتہ کے دوران 45 ہزار جبکہ اگست میں 26 ہزار امریکی ڈالرز سمیت دیگر غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دیا۔ کلکٹر کسٹم خیبر پختونخوا معین الدین احمد وانی کے مطابق وفاقی وزارت داخلہ کے احکامات کی روشنی میں طورخم سرحدی گزرگاہ پر کسٹم انفورسمنٹ کا اضافی اور تجربہ کار عملہ تعینات کر دیا گیا۔ کسٹم کلکٹر معین الدین احمد وانی نے کہا کہ وزارت داخلہ نوٹیفیکیشن کے مطابق طورخم ایمیگریشن سیکشن اور مسافروں کی آمد و رفت اور جامہ تلاشی کی اختیارات کسٹم انفورسمنٹ عملہ کو تفویض کر دیا گیا اور افغانستان کو ڈالرز کی سمگلنگ کیروک تھام کے لیے عملہ دن رات چوکس کر دیا۔ انھوں نے کہا کہ طورخم سرحدی گزرگاہ پر ملک سے ڈالرز سمیت دیگر غیر ملکی کرنسی افغانستان سمگل کرنے کی اطلاعات تھی۔ ڈالرز اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایڈیشنل کلکٹر سید ذاکر محمد کی قیادت میں عملہ نے گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران مختلف کاروائیوں میں 45 ہزار امریکی ڈالرز سمیت دیگر غیر ملکی کرنسی کو افغانستان اسمگلنگ کو ناکام بنا دیا جبکہ ماہ اگست میں 26 ہزار امریکی ڈالرز کو قبضہ میں لیا گیا اور ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے بڑے پیمانے پر تحقیقات شروع کر دیا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کسٹمز کلیئرنس میں تاخیر کے باعث ڈیمرج اور ڈیٹینشن کی مد میں لاکھوں ڈالر کا زرمبادلہ باہر جارہا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کسٹمز کلیئرنس میں تاخیر کے باعث لاکھوں ڈالر کا زرمبادلہ باہر جانے لگا،100 فیصد کمرشل امپورٹرز شپنگ کمپنیوں کو ڈیمرج اور ڈیٹینشن دینے پر مجبور ،پورٹس پر مال کھلا رہنے سے چوری بڑھ گئی، مس ڈیکلیئریشن کو روکنے کے لئے 100 فیصد ایگزامینیشن ضروری قرار دی گئی ہے کسٹمز حکام کا موقف ،چند افراد کی غلطی یا چوری کی سزا تمام ٹریڈ کو دینے کا فیصلہ ناانصافی اور ظلم ہے امپورٹرز کا موقف ،تفصیلات کے مطابق کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ ، کے آئی سی ٹی اور اپریزمنٹ ویسٹ میں کمرشل امپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ،کسٹمز حکام کی جانب سے تمام کنسائمنٹ کی 100 فیصد ایگزمیننیشن کی ہدایت پر کنسائمنٹ کی کلیئرنس کا ٹائم 10 سے 12 دن تک پہنچ گیا ہے امپورٹرز کا کہنا ہے کہ کنسائمنٹ کی کلیئرنس اگر 3 سے 5 دن میں نہیں ہوتی تو اس پر ڈیمرج شروع ہو جاتا ہے اور 7 روز کے بعد ڈیٹینشن چارجز بھی ادا کرنا پڑتے ہیں عام حالات میں صرف 5 سے 10 فیصد امپورٹرز کو کسی تنازعے پر ڈیمرج اور ڈیٹینیشن چارجز ادا کرنا پرتے ہیں لیکن اس وقت صورتحال یہ ہوگئی ہے کہ 100 فیصد امپورٹرز کو یہ چارجز ادا کرنا پڑ رہے ہیں، امپورٹرز کا موقف ہے کہ شپنگ کمپنیاں ڈیمرج اور ڈیٹینشن چارجز کی وصولی مقامی کرنسی میں نہیں کرتی بلکہ اس کے لئے لازم ہے کہ یہ ادائیگی ڈالر میں کی جائے ،اس طرح امپورٹرز روزانہ لاکھوں ڈالر کا زرمبادلہ ان کمپنیوں کو ادا کر رہے ہیں جو کہ یہ براہ راست ملک سے باہر لے جاتی ہیں،اس طرح کسٹمز حکام کے غلط فیصلے سے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباو ہے،شپنگ کمپنیوں کا منافع بڑھ گیا ہے اور امپورٹرز کی پیداواری لاگت بھی بڑھ رہی ہے ذرائع کے مطابق کسٹمز اسٹاف کی امپورٹرز کو ہدایت ہے کہ تمام سامان پورٹ پر کھلا رکھا جائے جس سے ایک جانب سامان کی چوری کی شکایات ہیں تو دوسری جانب بعض اشیاء کھلے آسمان تلے پڑے رہنے کی وجہ سے خراب بھی ہورہی ہیں ،امپورٹرز کا کہنا ہے کہ کچھ عناصر کے غلط اقدام کی سزا تمام امپورٹرز کو دینے کا فیصلہ ناانصافی اور ظلم ہے، جائز کام کرنے والوں کے لئے مشکلات بڑھادی گئی ہیں ،اس طرح تو تمام امپورٹرز کو مشکوک اور چور بنا دیا گیا ہے ، چیئرمین ایف بی آر اور ممبر کسٹمز اس کا نوٹس لیں دریں اثنا کسٹمز حکام نے تاخیر سے کلیئرنس کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلہ کچھ امپورٹرز کی جانب سے مس ڈیکلیئریشن کے کیس سامنے آنے پر کیا گیا ہے ،100 فیصد سکریپ ظاہر کرنے والوں کے کنٹینر سے 30 فیصد سکریپ اور بقیہ فنشنڈ گڈز نکل رہا تھا ،اس طرح کی شکایات کے بعد چیف کلکٹر کی ہدایت ہے کہ 100 فیصد ایگزمیننیشن کی جائے اور تمام سامان کھول کھول کر چیک کیا جائے ،اس تفصیلی چیکنگ کی وجہ سے تاخیر ہورہی ہے۔

# اورینٹ ایکسچینج اور بیسٹ وے ایکسچینج کے اجازت نامے معطل

کراچی (مانیٹرنگ دیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے میسرز اورینٹ ایکس چینج کمپنی، بی (پرائیویٹ لمیٹڈ) اور میسرز بیسٹ وے ایکس چینج کمپنی، بی (پرائیویٹ لمیٹڈ) کے اجازت نامے معطل کر دیئے ہیں ۔بینک اعلامیہ کے مطابق اسٹیٹ بینک نے ضوابطی ہدایات کی سنگین خلاف ورزی پر میسرز اورینٹ ایکس چینج کمپنی، بی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میسرز بیسٹ وے ایکس چینج کمپنی، بی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اجازت نامے تین ماہ کے لئے معطل کئے ہیں ، یہ ہدایات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی ۔اسٹیٹ بینک نے دونوں کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اندرونی کنٹرول کے قواعد کو مضبوط کریں اور اس ضمن میں کئے گئے اصلاح کے اقدامات کے متعلق اپنی رپورٹ جمع کرائیں، اس فیصلے کے بعد دونوں ایکس چینج کمپنیاں، اپنے مرکزی دفاتر، تمام برانچوں/آوٹ لیٹس میں کسی بھی قسم کی کاروباری سرگرمی انجام دینے کی مجاز نہیں ہونگی۔

# کارگو ٹرینوں کے کرایوں میں 30 سے 35 فیصد اضافہ

لاہور (بزنس ڈیسک) ریلوے حکام نے کارگو ٹرینوں کے کرایوں میں 30 سے 35 فیصد اضافہ کردیا، تاجروں نے ریل سے سامان کی ترسیل کی بجائے روڈ ٹرانسپورٹ کو استعمال کرنا شروع کردیا، کرایوں میں ہوش ربا اضافہ پر تاجروں نے ریل سے سامان کی ترسیل کی بجائے روڈ ٹرانسپورٹ کو استعمال کرنا شروع کردیا۔ بتایا گیا ہے کہ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث کرایوں میں اضافہ کیا گیا، لاہور اور بادامی باغ سٹیشن سے کراچی تک کارگو ٹرینوں کا کرایہ بڑھا کر ساڑھے 3 لاکھ روپے کردیا گیا۔اس سے قبل کارگو ٹرین کا کرایہ 2 لاکھ 65 ہزار 790 روپے تھا۔فیصل آباد سے کراچی تک کارگو ٹرینوں کا کرایہ بڑھا کر 2 لاکھ 29 ہزار 670 کردیا گیا۔

# ملکی ایئرپورٹس سے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کی اجازت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے بندرگاہوں کے بعد ملک کے تمام انٹرنیشنل ایئرپورٹس کے ذریعے سے بھی افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ایئرپورٹس سے پھر زمینی راستے کے ذریعے افغانستان بھجوانے کے لئے چمن، طورخم اور غلام خان کسٹمز سٹیشنز کیلیے ڈسپیچ ہوگا، ایف بی آر نے فضائی راستے سے آنے والے ٹرانزٹ ٹریڈ کے سامان کی انٹرنیشنل ایئرپورٹس سے کلیئرنگ کا میکنزم متعارف کروانے بھی فیصلہ کیا ہے جس کیلئے کسٹمز رولز 2001 میں اہم ترامیم کی جارہی ہیں۔دستیاب دستاویز کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کسٹمز رولز میں ترامیم کا مسودہ تیار کرکے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آراء کیلیے جاری کردیا ہے اور ان سے کہا گیا ہے کہ 15 دن کے اندر اپنی آراء و تجاویز بھجوائیں۔مجوزہ ترمیمی کسٹمز رولز میں کہا گیا ہے کہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کا سامان لانے والی ایئرلائنز کو ائیربل دینا ہوگا ،صرف اس سامان کی چمن، طورخم اور غلام خان کسٹمز اسٹیشنز تک ڈسپیچ کے لئے کارگو ہوسکے گی۔

# پابندیوں کی وجہ سے ایران کیساتھ آزاد تجارتی معاہدہ نہیں ہوا، نوید قمر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران وزیر تجارت سید نوید قمر نے ایوان کو بتایا ہے کہ پابندیوں کے باعث ایران سے آزادانہ تجارت کا معاہدہ نہیں ہوا ، پابندیوں کی وجہ سے ایران کے ساتھ تجارت بینکنگ چینل پر نہیں بلکہ بارڈر پر انتظامات کے ذریعے ہو رہی ہے، تجارت تب بڑھے گی جب ایران سے پابندیاں اٹھیں گی، ایران کے ساتھ ایف ٹی اے پر بات چیت شروع ہوئی تھی تاہم پابندیوں کے باعث اس میں پیش رفت نہیں ہوسکی، جب پابندیاں اٹھیں گی تو آزادانہ تجارت کے معاہدے کو حتمی شکل دی جائیگی ، یو اے ای اور دیگر ممالک سے برآمدات میں اضافہ ہوا ہے، اس طرح بین الاقوامی برادری کے ساتھ ہمارے تجارتی حجم میں بھی اضافہ ہوا ہے، وزیر تجارت نے تحریری جواب میں بتایا ہے کہ 15 جولائی 2021 کو پاکستان اور ازبکستان کے مابین ٹرانزٹ ٹریڈ کا معاہدہ ہوا، ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ مارچ 2022 میں فعال ہوا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## گورنرسیکریٹریٹ پنجاب کو پیپر درکار

پیپر ڈبل اے، فل اسکیپ، 80 گرام، تعداد: 300 ریم
پیپر ڈبل اے، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 250 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2022
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ایڈمن) گورنر سیکریٹریٹ، پنجاب۔
فون: 042-9200023

## مہران یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DD(Proc)MUET/JAM/211
وائٹ پیپر، A4 سائز، 70 گرام،
پی سی سی/ڈبل اے، تعداد: 3000
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 دسمبر 2022
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) آفس، جامشورو۔
فون: 022-2109010

## پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 دسمبر 2022
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر، پونچھ ہاؤس-38، ملتان روڈ، لاہور۔
فون: 5-042-99210984

## پاکستان ری انشورنس کمپنی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
PRC/PROC/COMP.PAPERS/2022/02
مختلف اقسام کے کمپیوٹر پیپرز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 دسمبر 2022
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، 12th فلور، پی آر سی ٹاورز، 32-اے، لالہ زار ڈرائیو، ایم ٹی خان روڈ، کراچی۔
فون: 021-99210152

## سوئی ناردرن گیس کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: LHR/TE/022/2022
پروفارما، پیڈز، فائل کورز، گیٹ پاسز اور لاگ بکس وغیرہ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 دسمبر 2022
برائے رابطہ: پروکیورڈ پارٹمنٹ، ریجنل آفس، 21-انڈسٹریل ایریا، گرومنگت روڈ، گلبرگ-3، لاہور۔
فون: 042-99268251

## ڈی جی انٹیلی جنس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2022
برائے رابطہ: ڈی ڈی او آفس، تیسری منزل، امیگریشن ٹاور، ماؤ ایریا، G-8/1، اسلام آباد۔
فون: 051-9960247

## HQ5Core کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 دسمبر 2022
برائے رابطہ: آفس انچارج، 5 Corps اسٹیشنری سیل، ہیڈ کوارٹر لاجسٹکس، صدر کینٹ۔
فون: 021-35654888

## سروے آف پاکستان کا پیپر کا ٹینڈر

آفسیٹ پرنٹنگ پیپر، سائز 80,25x35 گرام، تعداد: 20 ریم
آفسیٹ پرنٹنگ پیپر، سائز 70,23x36 گرام، تعداد: 25 ریم
وائٹ پیپر امپورٹڈ، سائز A4، 80 گرام، تعداد: 40 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2022
برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی، ڈائریکٹوریٹ آف پرنٹنگ، راولپنڈی۔
فون: 051-9290213

## STEVTA کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

مختلف سائز کے لفافوں کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 دسمبر 2022
برائے رابطہ: انچارج (پروکیورمنٹ)، سندھ ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی، اسٹریٹ-19، بلاک-6، گلشن اقبال، نزد نیپا چورنگی، کراچی۔
فون: 7-021-99244112

## فیصل آباد ترقیاتی ادارے کا پیپر کا ٹینڈر

ڈبل اے پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد 630 ریم
ڈبل اے پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد 140 ریم
ڈبل اے پیپر لیگل سائز نوٹنگ شیٹس، 80 گرام، تعداد 630 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2022
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر، پی اینڈ ڈی، آفس، فیصل آباد۔
فون: 041-9200982

## بہاولپور انٹر بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کورشیٹ برائے امتحانی جوابی کاپی۔
جوابی کاپی میٹرک اور پریکٹیکل۔
جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ اور پریکٹیکل۔
(تمام آئٹمز بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، بہاولپور۔
فون: 062-9255084-9255094

## گورنر سیکریٹریٹ پنجاب کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ایڈمن) پنجاب۔
فون: 042-99200023

## یونیورسٹی آف اوکاڑہ کا پرنٹڈ اسٹیشنری کا ٹینڈر

پرنٹڈ آنسر شیٹ، پرنٹڈ لفافے۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: ٹریژرار آفس، 2-Km، ملتان روڈ، رینالا لہ خرد بائی پاس، اوکاڑہ۔
فون: 044-2636060

## یونیورسٹی آف چکوال کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 11/2022
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (P&S) آفس، چکوال۔
فون: 0543-552511

## PSO کو اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: AD-16861-QR
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، پی ایس او ہاؤس، خیابان اقبال، کلفٹن، کراچی۔
فون: 111-111-776 EXT:2273

## بہاولپور انٹر بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کورشیٹ برائے امتحانی جوابی کاپی۔
جوابی کاپی میٹرک اور پریکٹیکل۔
جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ اور پریکٹیکل۔
(تمام آئٹمز بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، بہاولپور۔
فون: 062-9255084-9255094

## فاؤنڈیشن سیڈ سیل کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، تعداد: 100 ریم۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: پروجیکٹ ڈائریکٹر آفس، فیصل آباد۔
فون: 041-920167172



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر کی قدر میں مصنوعی اضافہ کرنے والے بینکوں کے خلاف 30 نومبر تک کارروائی کی یقین دہانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ وریونیو نے مصنوعی طور پر ڈالر کی قدر میں اضافے کے ذریعے اربوں روپے کمانے والے بنکوں کیخلاف اسٹیٹ بینک سے 15 دسمبر تک کارروائی کی رپورٹ طلب کر لی اور اسٹیٹ بینک کی جانب سے سست کارروائی پر تحفظات کا اظہار کیا اور سفارش کی کہ ملوث بنکوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور بھاری جرمانے کیے جائیں، اسٹیٹ بنک نے 8 ملوث بنکوں کے خلاف 30 نومبر تک کارروائی کی یقین دہانی کرادی، قائمہ کمیٹی نے زرعی ترقیاتی بنک کی غیر تسلی بخش کارکردگی پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا اور بنک سے تین ماہ میں کارکردگی رپوٹ طلب کر لی۔ مزید برآں اطلاعات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایل سیز کھولنے کیلئے نجی بینکوں کی جانب سے اضافی رقم وصول کرنے پر بینکوں کو نوٹس جاری کردیئے ہیں۔ اس کا اظہار ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک عنایت حسین نے رکن اسمبلی قیصر احمد شیخ کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کیا۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ بینکوں سے جواب طلب کرلیا، بینکوں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔ بینکوں سے تحقیقات کا عمل تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ عنایت حسین ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ بینکوں سے تحقیقات میں ڈیٹا حاصل ہو چکا ہے، بینکوں نے جون اور جولائی میں ڈالر کے ریٹ پر ناجائز منافع کمایا، ڈالر کے ریٹ پر ناجائز منافع خوری اگست سے اب تک بند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مارکیٹ میں تاحال ڈالر کی قلت ہے، صورتحال بہتر ہونے میں دو ماہ لگے گے۔ ارکان کمیٹی کی جانب سے گورنر اسٹیٹ بینک کی اجلاس میں عدم شرکت پر اظہار برہمی کیا گیا۔ کمیٹی ارکان برجسی طاہر کا کہنا تھا کہ پچھلے اجلاس میں بتایا گیا کہ 8 بینکوں نے ڈالر کے معاملے میں بے ضابطگی کی ہے، بینکوں نے بہت بڑا افراد کیا ان کیخلاف ابھی تک قانون حرکت میں کیوں نہیں آیا۔ اس پر ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ بینکوں کی نگرانی کا عمل سخت کیا گیا، کوئی شکایت ابھی تک نہیں آئی۔ مارکیٹ میں ڈالر کی کمی امپورٹ اور ایکسپورٹ کی وجہ سے ہے۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کا مزید کہنا تھا کہ بیلنس آف پیمنٹ کیلئے بھی غیر ملکی زرمبادلہ درکار ہوتا ہے، ڈالر کا ریٹ بڑھنے اور روپے کی قدر میں کمی کی یہی وجوہات ہیں۔ ڈپٹی گورنر کا کہنا تھا کہ ماہانہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 1.5 ارب ڈالر سے کم کر کے 70 کروڑ ڈالر پر آ گیا ہے۔ اس پر رکن کمیٹی خالد مگسی کا کہنا تھا معیشت درست سمت میں نہیں ہے کیونکہ ہم نے سمت کا تعین ہی نہیں کیا، چار سال تک عمران خان کے پاس سمت نہیں تھی۔ خالد مگسی کا کہنا تھا کہ عمران خان کے جانے کے بعد بھی سمت طے نہیں کی گئی، مفتاح اسماعیل کو ہٹایا گیا اسحاق ڈار کو لایا گیا مگر سمت کا تعین نہیں ہے۔

## نئے کسٹم ایجنٹس کے لیے سیکیورٹی ڈپازٹس میں اضافہ

